
# حج وعمرہ کا جامع مختصر طریقہ Urdu

(شیخ محمد ناصر الدین البانیؒ کی کتاب سے اخذ کیا گیا ہے)

| مکہ سکرمہ میں داخل ہونے پر | عمرہ (یا طواف قدم) |
|---|---|
| ۸ ذِی الحجہ | ☆احرام باندھ لیں<br>☆منیٰ میں ٹھہریں |
| ۹ ذی الحجہ | ☆وقوف عرفہ<br>☆(بعد مغرب) قوف مزدلفہ |
| ۱۰ ذی الحجہ | ☆بڑے شیطان کو کنکری مارنا<br>☆قربانی کرنا<br>☆حلق کروانا<br>☆طواف الافاضہ (زیارت) |
| ۱۱/۱۲(۱۳) ذی الحجہ | ☆منیٰ میں ٹھہر کر شیطانوں کو کنکری ماریں |
| مکہ سے واپسی کیوقت | ☆طواف الوداع |




مکّہ مکرمہ سے منیٰ کے درمیان کا فاصلہ ۸ کلومیٹر (۳ میل)

۱۲۳ جمرات سے مزدلفہ کے درمیان کا فاصلہ ۶ کلومیٹر (۴ میل)

مزدلفہ سے عرفہ کے درمیان کا فاصلہ ۹ کلومیٹر (۵ میل)

منیٰ سے مزدلفہ کے درمیان کا فاصلہ ۳ کلومیٹر (۲ میل)

مکہ سے عرفہ کے درمیان کا فاصلہ ۲۲ کلومیٹر (۱۴ میل)

## عمرہ (طواف القدوم)

میقات پہونچ کر احرام باندھ لیں۔عمرہ کی دعا۔

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ بِعُمْرَۃ

اے اللہ میں حاضر ہوں عمرہ کے ساتھ

اگر عمرہ پورا نہ کرنے کا خوف ہے تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ مَحِلِّيْ حَیْثُ حَبَسْتَنِي (۵)

اے اللہ (اگر مجھے کسی نے عمرہ کرنے سے روک دیا) میرا ٹھکانا وہیں ہے جہاں آپ نے مقرر کردیا ہے۔قبلہ رخ ہو کر یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ عُمْرَۃٌ لَا رِیَاءَ فِیْھَا وَلَا سُمْعَۃ (٦)

ترجمہ: اے اللہ یہ عمرہ ہے جس میں کوئی ریا نہیں ہے اور نہ کوئی شہرت ہے۔

آواز سے تلبیہ پڑھیں۔(عورتیں آہستہ پڑھیں)

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ،
اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکُ لَاشَرِیْکَ لَکَ (۷)

ترجمہ: اے اللہ میں حاضر ہوں آپ کا کوئی شریک نہیں ہے میں حاضر ہوں بلاشبہ تمام تعریف اور تمام نعمتیں آپ کیلئے ہے اور حکومت اور سلطنت آپ کی ہے آپ کا کوئی شریک نہیں۔

مسجد حرام میں داہنے پاوں سے داخل ہوں اور یہ دعا تلبیہ کے پڑھیں۔

لَبَّیْکَ اِلٰہَ الْحَقّ (۸) ترجمہ: میں حاضر ہوں اللہ کے سامنے جو سچائی والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَسَلِّم اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ (۹) ترجمہ: اے اللہ رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر۔اے اللہ میرے لئے رحمت کے دروازے کھولدے۔

طواف: مرد اپنا داہنا کاندھا کھلا رہنے دیں۔حجر اسود کے سامنے سے پہلے اس طرح سے کھڑے ہوں کہ کعبہ آپ کے سامنے ہو، اور طواف کی نیت کریں:

اے اللہ میں آپ کی رضا کے لئے عمرہ کا طواف کرتا ہوں آپ اس کو میرے لئے آسان کردیجئے اور قبول کرلیجئے۔

اور کالی پٹی پر قبلہ رخ کھڑے ہو کر دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر کہیں


بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ وَالصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اور دونوں ہاتھ چھوڑ کر طواف شروع کریں، ہر چکر شروع کرنے سے پہلے حجر اسود کی طرف داہنی ہتھیلی کر کے۔اَللّٰہُ اَکْبَر کہیں اس کو استلام کہتے ہیں۔پہلی تین چکروں میں مرد رمل کریں، آہستہ آہستہ دوڑنے کو رمل کہتے ہیں، ہر چکر میں (۲) رکن یمانی اور (۱) حجر اسود کے درمیان یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِي الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّار (۱۱) ترجمہ: اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں خوبی دے اور آخرت میں خوبی (دے) اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

طواف کے اختتام پر اپنا سیدھا کندھا ڈھانک لیں اور (۳) مقام ابراھیم کے پاس جا کر یہ دعا پڑھیں۔

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاھِیْمَ مُصَلًّی (۲۱)

ترجمہ: اور (کہہ دیا) کہ ابراھیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کی جگہ بناؤ۔اگر موقع ملے تو مقام ابراھیم کے پاس طواف کی دو رکعت نماز نفل ادا کریں، ورنہ کہیں بھی حرم شریف میں ادا کریں، پہلی رکعت میں قُلْ یَا اَیُّھَا الْکٰفِرُوْن ۔اور دوسری رکعت میں قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدْ پڑھیں۔پھر زمزم کے کنوئیں کے پاس جا کر پیٹ بھر کر زمزم پیئیں۔واپس جا کر حجر اسود کا استلام کرتے ہوئے اللہ اکبر کہے۔




سعی صفا سے شروع کرے سعی کے ایک چکر کی مسافت تقریباً نصف کیلومیٹر ہے اور کل ملا کر سات چکر ہوتے ہیں یعنی

۳۔۵ کیلومیٹر (۲ میل)

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰہِ فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْہِ اَنْ یَّطَّوَّفَ بِھِمَا وَمَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا فَاِنَّ اللّٰہَ شَاکِرٌ عَلِیْم. (۳۱) ترجمہ: بے شک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔سو جو کوئی بیت اللہ کا حج یا عمرہ کرے تو اس پر کچھ گناہ نہیں۔کہ ان دونوں کا طواف کرے۔اور جو کوئی اپنی خوشی سے کچھ نیکی کرے تو اللہ یقیناً قدردان اور سب کچھ جاننے والا ہے۔

اَللّٰہُ اَکْبَر. اَللّٰہُ اَکْبَر. اَللّٰہُ اَکْبَر. لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِيْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَيْءٍ قَدِیْر، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ، اَنْجَزَ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہ.

(۴۱) ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے۔اللہ سب سے بڑا ہے۔اللہ سب سے بڑا ہے۔اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہت ہے، اور اسی کے لئے تعریف ہے، وہ زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے، اسی کے ہاتھ میں تمام بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔وہ اپنے وعدے کو پورا کیا، اور اپنے بندے کی مدد کی اور تنہا ایک لشکر یا گروہ کو شکست دے دیا۔اس کو تین مرتبہ پڑھنا ہے اور صرف پہلے اور دوسرے مرتبہ پڑھنے کے بعد دعا کرے۔صفا سے مروہ (ایک چکر) اور مروہ سے صفا (دوسرا چکر) اس طریقے سے ۷ چکر لگانے ہیں اور مروہ پر چکر ختم ہوگا۔جب ہری بتی کے پاس جائیں گے تو مرد حضرات دوڑیں اور خواتین نہ دوڑیں اور یہ دعا کریں:

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ، اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَکْرَمْ (۵۱)

اے میرے رب میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحم کر تو سب سے زیادہ عظمت والا اور کرم کرنے والا ہے۔

مسجد سے نکلتے وقت بایاں پاؤں نکالیں اور یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّسَلِّم، اَللّٰھُمَّ اِنِّي اَسْاَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ (۶۱) ترجمہ: اے اللہ رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر۔اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔پھر آدمی لوگ پورے سر کے بال منڈوائیں یا نہیں تو کم سے کم پورے سر کے بال ہر جگہ سے برابر برابر کاٹے۔اور عورتیں سارے سر کے بال انگلی کے ایک پورے کی لمبائی سے کچھ زیادہ کتریں۔اب آپ کا احرام کھل گیا اور تمام پابندیاں ختم ہوگئ۔

## ۸ ذی الحجہ

کو منیٰ فجر کے بعد ظہر سے پہلے پہونچیں احرام کی حالت میں پہونچیں۔حج کی نیت سے احرام میں داخل ہوئیں۔(جہاں بھی ٹھہرے ہوں وہاں سے) لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ بِحَجّ

اے اللہ میں حج کے لئے حاضر ہوں۔اَللّٰھُمَّ مَحِلِّيْ حَیْثُ حَبَسْتَنِي اے اللہ (اگر مجھے کسی نے حج کرنے سے روک دیا) میرا ٹھکانا وہیں ہے جہاں آپ نے مقرر کردیا ہے۔قبلہ رخ کھڑے ہو کر یہ دعا پڑھیں۔اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ حَجَّۃٌ لَا رِیَاءَ فِیْھَا وَلَا سُمْعَۃ ترجمہ (٦) نمبر پر موجود تلبیہ با آواز بلند پڑھیں۔

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ،
اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکُ لَاشَرِیْکَ لَک

اس کا ترجمہ (۷) پر موجود ہے۔

لَبَّیْکَ اِلٰہَ الْحَق ترجمہ: میں حاضر ہوں اللہ کے سامنے جو سچائی والا ہے۔

## منیٰ میں قیام

منیٰ کی طرف کو جائیں

اور

ظہر، عصر، اور عشاء (قصر پڑھیں)

فجر، مغرب سب نمازیں اپنے وقت پر الگ الگ پڑھیں۔

## ۹/ذی الحجہ عرفہ کا دن

زوال سے غروب آفتاب تک عرفات میں ٹھہرنے کو وقوف عرفہ کہتے ہیں اور یہ فرض ہے۔فجر کی نماز پڑھ کر اشراق کے بعد عرفات کی طرف چلیں اور یہ تسبیحات پڑھیں۔

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ،
اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکُ لَاشَرِیْکَ لَک

اس کا ترجمہ (۷) پر موجود ہے۔اَللّٰہُ اَکْبَر ☆اللہ سب سے بڑا ہے۔پھر عرفات میں زوال سے پہلے پہنچے اگر مسجد نمرۃ میں کہیں جگہ نہ ملے تو عرفات میں کسی بھی جگہ قیام کرے اگر مسجد نمرۃ میں جگہ ملے تو ایک اذان اور تو اقامت کے ساتھ نماز ادا کرے (قصر) اور دونوں نمازوں کے درمیان کوئی نماز نہ پڑھیں اسی طریقے سے عصر کے بعد بھی کوئی نماز نہ پڑھیں۔اور اگر مسجد نمرۃ میں جگہ نہ ملے تو دو اذان اور دو اقامت کے ساتھ نماز اپنے اپنے وقت پر پڑھیں۔زوال ہوتے ہی وقوف شروع کریں، اور شام تک لبیک کہیں، خوب دعا اور توبہ واستغفار کرنے اور چوتھا کلمہ پڑھنے اور الحاح وزاری میں گزاریں اور وقوف کھڑے ہو کر کرنا افضل ہے اور بیٹھ کر بھی جائز ہے، (اگر ممکن ہے تو جبل رحمت کے نیچے وقوف کرے اگر ممکن نہیں ہو تو عرفہ میں کدھر بھی وقوف کریں) قبلہ کی طرف منہ کر کے ہاتھ اٹھا کر یہ تلبیہ پڑھیں۔

لَبَّیکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیکَ، لَبَّیکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیکَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکُ لَاشَرِیْکَ لَکَ

ترجمہ: اے اللہ میں حاضر ہوں آپ کا کوئی شریک نہیں ہے میں حاضر ہوں بلاشبہ تمام تعریف اور تمام نعمتیں آپ کیلئے ہے اور حکومت اور سلطنت آپ کی ہے آپ کا کوئی شریک نہیں۔

## اس دن کی سب سے افضل تسبیح

لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِیْکَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ ،یُحْیِيْ وَیُمِیْتُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ.

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہت ہے، اور اسی کے لئے تعریف ہے، وہ زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے، اسی کے ہاتھ میں تمام بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ پھر غروب آفتاب کے بعد تک وہاں رُکے لیکن مغرب کی نماز وہاں ادا نہیں کریں اور مزدلفہ کی طرف چلیں۔

## وقوف مزدلفہ

مزدلفہ پہنچ نے پر ایک اذان اور دو اقامت کے ساتھ مغرب اور عشاء کی نماز قصر پڑھیں۔ دونوں نمازوں کے درمیان کوئی نماز نہ پڑھیں پھر عشاء کی فرض نماز کے بعد مغرب کی دو سنت اور عشاء کی سنت اور وتر پڑھیں۔ دعاؤں وذکر کا خوب اہتمام کریں۔ پھر کنکر یا بڑے چنے کے برابر ستر کنکریاں فی آدمی رمی کیلئے چنیں۔

## ۱۰/ ذی الحجہ

پھر صبح اٹھ کر فجر کی نماز پڑھیں۔ اور قبلہ کی طرف منھ کر کے یہ پڑھتے ہوئے اللہ کی حمد کریں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰه ☆تمام تعریف اللہ ہی کے لئے ہے اَللّٰهُ أَکْبَر ☆اللہ سب سے بڑا ہے

لاَ اِلٰهَ اِلا اللّٰهُ ☆ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پھر سورج نکلنے سے پہلے منیٰ کی طرف یہ تسبیحات پڑھتے ہوئے چلے لَبَّیکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیکَ، لَبَّیکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیکَ،

اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکُ لَاشَرِیْکَ لَکَ

## ۳ جمرۃ العقبہ

اس کا ترجمہ ایک نمبر پیج پر (۷) دعا پر دیکھیں۔

اور اللہ کی بڑائی کثرت سے یہ پڑھتے ہوئے بیان کرے۔ مزدلفہ یا منیٰ پہنچ کر جمرۃ العقبہ (بڑا شیطان) پر سات کنکریاں الگ الگ ماریں۔ (جان کے خطرہ کے پیش نظر شام کو یا رات میں یہ کنکریاں مارنا مناسب ہے)۔ کنکری مارتے ہوئے یہ تسبیحات پڑھیں۔

اَللّٰهُ أَکْبَر ☆اللہ سب بڑا ہے۔ کو کنکری مارتے ہی لبیک کہنا بند کردیں اور رمی کے بعد دعا کے لئے نہ ٹھہریں، یونہی قیام گاہ چلے آئیں۔ اس کے بعد قربانی کریں۔

## قربانی

قربانی کیلئے ٹکٹ خریدنا بھی جائز ہے اگر ٹکٹ نہ لیا تو قربان گاہ کی طرف چلیں۔ قربانی کرتے وقت یہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ و اَللّٰهُ أَکْبَر اَللّٰھُمَّ اِنَّ هٰذَا مِنْکَ وَلَکَ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّي

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو سب سے بڑا ہے

ترجمہ: اے اللہ یہ تیرے ہی طرف سے ہے اور تیری ہی ملکیت ہے اے اللہ تو مجھ سے اس کو قبول کر۔ قربانی ہو جانے کے بعد

## سر کے بال منڈ والیں۔

پھر آدمی لوگ پورے سر کے بال منڈ وائیں یا نہیں تو کم سے کم پورے سر کے بال ہر جگہ سے برابر برابر کاٹے۔ اور عورتیں سارے سر کے بال انگلی کے ایک پور کی لمبائی سے کچھ زیادہ کتریں۔ اب آپ کا احرام کھل گیا اور تمام پابندیاں ختم ہوگئی۔

سوائے ہمبستری کے پھر مکہ کی طرف طواف زیارت (طواف الافاضہ) کے لئے چلے۔

## طواف زیارت (طواف افاضہ)

اب طواف زیارت کریں اس کا وقت ۱۰ سے ۱۲ ذی الحجہ کے آفتاب غروب ہونے تک ہے۔ دن میں یا رات میں جب چاہیں کریں عموماً ۱۱/ ذی الحجہ کو آسانی رہتی ہے (طواف زیارت کا طریقہ وہی ہے جو عمرہ کے طواف کا ہے) اور طواف باوضو ضروری ہے اس کے لئے احرام کی ضرورت نہیں ہے۔

مسجد حرام میں داہنے پاؤں سے داخل ہوں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَسَلِّمِ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِکَ اس کا ترجمہ ایک نمبر پیج پر (۹) دعا پر دیکھیں۔ طواف: حجر اسود کے سامنے سے پہلے اس طرح سے کھڑے ہوں کہ کعبہ آپ کے سامنے ہو، اور طواف کی نیت کریں: اے اللہ میں آپ کی رضا کے لئے طواف زیات کرتا ہوں آپ اس کو میرے لئے آسان کردیجئے اور قبول کر لیجئے۔ اور کالی پٹی پر قبلہ رخ کھڑے ہوکر دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر کہیں بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ اور دونوں ہاتھ چھوڑ کر طواف شروع کریں، ہر چکر شروع کرنے سے پہلے حجر اسود کی طرف داہنی ہتھیلی کر کے۔ اَللّٰهُ أَکْبَر کہیں اس کو استلام کہتے ہیں۔ پہلی تین چکروں میں مرد رمل کریں، آہستہ آہستہ دوڑنے کو رمل کہتے ہیں، ہر چکر میں (۲) رکن یمانی اور (۱) حجر اسود کے درمیان یہ دعا پڑھیں۔ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اس کا ترجمہ ایک نمبر پیج پر (۱۱) دعا پر دیکھیں۔ پھر طواف کے ختم پر (۳) مقام ابراھیم کے پاس جا کر یہ دعا پڑھیں۔

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِیْمَ مُصَلًّی

اس کا ترجمہ ایک نمبر پیج پر (۲۱) دعا پر دیکھیں۔ اگر موقع ملے تو مقام ابراھیم کے پاس طواف کی دو رکعت نماز نفل ادا کریں، ورنہ کہیں بھی حرم شریف میں ادا کریں، پہلی رکعت میں قُلْ یَا اَیُّهَا الْکٰفِرُوْن۔ اور دوسری رکعت لْ هُوَاللّٰهُ اَحَدْ پڑھیں۔ پھر زمزم کے کنوئیں کے پاس جا کر پیٹ بھر کر زمزم پیئیں۔ واپس جا کر حجر اسود کا استلام کرتے ہوئے اللہ اکبر کہے۔ سعی صفا سے شروع کرے

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ أَوِاعْتَمَرَ فَلَاجُنَاحَ عَلَیْهِ أَنْ یَطَّوَّفَ بِهِمَا وَمَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا فَاِنَّ اللّٰهَ شَاکِرٌ عَلِیْم. اس کا ترجمہ ایک نمبر پیج پر (۳۱) دعا پر دیکھیں۔ اور جو کوئی اپنی خوشی سے کچھ نیکی کرے تو اللہ یقیناً قدر دان اور سب کچھ جاننے والا ہے۔

صفا اور مروہ پر ہر وقت کعبہ کی طرف منھ کر کے یہ دعا پڑھیں

اَللّٰهُ أَکْبَر. اَللّٰهُ أَکْبَر. اَللّٰهُ أَکْبَر. لَا اِلٰه اِلا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِیْکَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ یُحْیِيْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَيْءٍ قَدِیْر، لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِیْکَ لَهٗ، أَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَه اس کا ترجمہ ایک نمبر پیج پر (۴۱) دعا پر دیکھیں۔ اس کو تین مرتبہ پڑھنا ہے اور صرف پہلے اور دوسرا اس کا ترجمہ ایک نمبر پیج پر (۵۱) دعا پر دیکھیں۔ اب آپ کا احرام کھل گیا اور تمام پابندیاں ختم ہوگئی۔ اب آپ ہمبستری بھی کر سکتے ہیں۔ مسجد سے نکلتے وقت بایاں پاؤں نکالیں اور یہ عا پڑھیں اَللّٰھُمَّ صَلِّی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَسَلِّمْ، اَللّٰھُمَّ اِنِّي اَسْأَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ اس کا ترجمہ ایک نمبر پیج پر (۶۱) دعا پر دیکھیں

## ۱۱/ اور ۱۲/ ذی الحجہ

1 2 3

زوال کے بعد سے لیکر رات تک تینوں شیطانوں کو ے کنکریاں (کل ۱۲ کنکریاں ایک دن میں) مارنی ہے۔ پہلے چھوٹے شیطان کو ے کنکریاں ماریں۔ ہر کنکری مارتے وقت اَللّٰهُ اَکْبَر۔ اللہ سب سے بڑا ہے یہ تسبیح پڑھیں۔ پھر قبلہ کی طرف منہ کر کے (جمرات آپ کے سیدھے ہاتھ کی طرف ہوگا) دعا کریں۔ پھر دوسرے شیطان (درمیانی) کی طرف جائیں اور اس کو بھی اسی طریقے سے ے کنکریاں تسبیح پڑھتے ہوئیں ماریں۔ پھر اسی طرح کعبہ کی طرف منہ کر کے دعا کریں۔ اب دعا کے بعد تیسرے شیطان (بڑا شیطان) کو تسبیح پڑھتے ہوئے ے/ کنکریاں مارے۔ اب دعا نہ کریں۔ اب آپ کو اختیار ہے کہ ۲۱ ویں ذی الحجہ کی رمی کے بعد سورج غروب کے پہلے منیٰ چھوڑ دے یا ۳۱/ ویں کی رمی کر کے ہی منیٰ چھوڑیں۔

## طواف وداع

حج کے بعد جب مکہ مکرمہ سے وطن واپسی کا ارادہ ہو تو طواف وداع واجب ہے (اس طواف کا طریقہ عام نفل طواف کی طرح ہے)

مسجد حرام میں داہنے پاؤں سے داخل ہوں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَسَلِّمِ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِکَ ترجمہ: اے اللہ رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر۔ اے اللہ میرے لئے رحمت کے دروازے کھولدے۔ طواف: حجر اسود کے سامنے سے پہلے اس طرح سے کھڑے ہوں کہ کعبہ آپ کے سامنے ہو، اور طواف کی نیت کریں: اے اللہ میں آپ کی رضا کے لئے طواف وداع کرتا ہوں آپ اس کو میرے لئے آسان کردیجئے اور قبول کر لیجئے۔ اور کالی پٹی پر قبلہ رخ کھڑے ہوکر دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر کہیں بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ اور دونوں ہاتھ چھوڑ کر طواف شروع کریں، ہر چکر شروع کرنے سے پہلے حجر اسود کی طرف داہنی ہتھیلی کر کے۔ اَللّٰهُ أَکْبَر کہیں اس کو استلام کہتے ہیں۔ پہلی تین چکروں میں مرد رمل کریں، آہستہ آہستہ دوڑنے کو رمل کہتے ہیں، ہر چکر میں (۲) رکن یمانی اور (۱) حجر اسود کے درمیان یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ترجمہ: اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں خوبی دے اور آخرت میں خوبی (دے) اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔ پھر طواف کے ختم پر (۳) مقام ابراھیم کے پاس جا کر یہ دعا پڑھیں۔

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِیْمَ مُصَلًّی

ترجمہ: اور (کہہ دیا) کہ ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کی جگہ بناؤ۔ اگر موقع ملے تو مقام ابراھیم کے پاس طواف کی دو رکعت نماز نفل ادا کریں، ورنہ کہیں بھی حرم شریف میں ادا کریں، پہلی رکعت میں قُلْ یَا اَیُّهَا کٰفِرُوْن۔ اور دوسری رکعت میں قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدْ پڑھیں۔ پھر زمزم کے کنوئیں کے پاس جا کر پیٹ بھر کر زمزم پیئیں۔ واپس جا کر حجر اسود کا استلام کرتے ہوئے اللہ اکبر کہے۔ اب آپ کے حج کے تمام ارکان مکمل ہوگئے اب آپ اپنے وطن کے لئے روانہ ہو سکتے ہیں۔

مسجد سے نکلتے وقت بایاں پاؤں نکالیں اور یہ عا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَسَلِّمْ، اَللّٰھُمَّ اِنِّي اَسْأَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ ترجمہ: اے اللہ رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر۔ اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔

حج کے سفر میں جانے سے پہلے

۱/ سارے قرضے ادا کردیں ۲/ بندوں کے حقوق ادا کردیں یا معاف کرالیں ۳/ وصیت لکھ دیں۔

---

ثواب دارین حاصل کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ زیروکس کروا کر حجاج کرام میں تقسیم کریں۔

---

مفت کاپی کے لئے مندرجہ ذیل پتے پر رابطہ کریں۔

Address :The Islamic Bulletin,

PO Box 410186,
San Francisco, CA 94141-0186,USA.
Web : www.islamicbulletin.org
(Enter here:Haj/Urdu)
E-mail : info@islamicbulletin.org